© rasailojaraid.com



رسالے شائع کیے گئے ہیں۔ نماز، رسالت، جہاد فی سبیل اللہ، توحید اور شرک، حقیقت تقویٰ، حقیقت صبر وغیرہ--- طباعتی پیش کش دیدہ زیب اور خوب صورت ہے]۔

☆ **بیت اللہ کے سائے میں**، حافظ جاوید اقبال بھٹی۔ ناشر: اذانِ سحر پبلی کیشنز، کیمرہ مارکیٹ، چیمبر لین روڈ، لاہور۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: ۳۶ روپے [سفرِ حج کی روداد، بہ شمول مقاماتِ مقدسہ کی زیارت کا تذکرہ اور بیت اللہ اور مسجد نبویؐ کی مختصر تاریخ بہ قول پروفیسر آسی ضیائی: ایک طرح کی گائیڈ بک، ایک رہنما تحریر]۔

☆ **ظلال القرآن** ماہنامہ، مدیر: سید معروف شاہ شیرازی۔ پتا: سی سن پلازا پروپورشن، فلیٹ نمبر ۱۰، مرکز ایف/۱۰، اسلام آباد۔ صفحات: ۴۰۔ قیمت: ۱۵ روپے، سالانہ چندہ: ۱۵۰ روپے [قرآن وحدیث اور علوم اسلامیہ پر ایک نیا مجلّہ۔ اس شمارے سے محمد علی الصابونی کی تفسیر صفوۃ التفاسیر کا ترجمہ شروع ہے]۔

☆ **بچوں کی تربیت میں کتاب کا حصہ**، ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔ پتا: سیرت اکادمی بلوچستان، ۲-۲۷ اے او بلاک ۱۱۱، سیٹلائٹ ٹاؤن، کوئٹہ [کتابچوں کے اس سلسلے کا ایک کتابچہ، جو یونیسف پاکستان کے تعاون اور اشتراک سے لکھے، تیار کیے گئے۔ ۸ تا ۱۲ صفحات پر مشتمل اس طرح کے کتابچے: احترام بچہ، اسلام اور بچے کی تربیت و نگہداشت، ملی تعمیر نو میں تعلیم کا کردار، بچوں کے لیے لٹریچر کی تیاری میں نفسیات کا کردار--- اساتذہ اطفال کے تربیتی کورسوں کے لیے مفید ہیں]۔

☆ **صمصام الاسلام** از حافظ محمد صدیق ارکانی، ناشر: حرکۃ الجہاد الاسلامی، اراکان (برما)۔ صفحات: ۱۲۸، قیمت: درج نہیں [جہاد پر مختلف مباحث: اقسام، احکام، دفاعی جہاد، اقدامی جہاد، جہاد کے متعلق بعض اہم سوالات کے جوابات]۔

☆ **سیارہ** (ماہنامہ) مدیر: حفیظ الرحمٰن احسن۔ پتا: ایوانِ ادب، اردو بازار، لاہور۔ خاص شمارہ ۴۵، ۲۰۰۰ء۔ صفحات: ۴۲۰۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [اسلامی اور تعمیری ادب کا نقیب۔ تازہ شمارہ نئی تخلیقات (مقالات، شاعری اور تبصروں) کے ساتھ]۔

☆ **النحو المیسّر**، شفیق احمد خان قاسمی۔ ناشر: شعبۂ نشر و اشاعت، جامعہ خدیجۃ الکبریٰ برائے خواتین، کراچی۔ صفحات: ۸۸۔ قیمت: درج نہیں۔ [علامہ شریف الجرجانی کی معروف درسی تصنیف نحو میر کی عربی زبان ہی میں تسہیل۔ قواعد کی یہ کتاب طلبہ کے لیے مفید ہے۔ مقدمہ از ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی]۔

---

ماہنامہ ترجمان القرآن

انٹرنیٹ پر دیکھا جا سکتا ہے

www.tarjumanulquran.com

E-mail: tarjuman@pol.com.pk

© rasailojaraid.com